28/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

شیو راج سنگھ چوہان

سرینگر میں پردھان SKICC زراعت اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیرشیو راج سنگھ چوہان آج منتری گرام سڑک یوجنا کے پانچویں مرحلے کے دوسرے بیچ کا آغاز کریں گے ۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو سونپیں گے ۔ اس کے علاوہ Approval Letter مرکزی وزیر اس کا کے تحت 24 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لئے 4 DAY-NRLM مرکزی وزیر ہزار 568 کروڑ روپے بھی واگزار کریں گے ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے جموں کشمیر کے نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کے لئے اپنے عزم کو دہراتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بدعت ہمارے سماجی تانے بانے کو بری طرح متاثر کر رہی ہے ۔ ادھمپور میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت منعقدہ پد یاترا اور Bike ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد ایل جی نے کہا کہ سماج کے ہر فرد کو منشیات کے خلاف جنگ میں اپنا کلیدی رول ادا کرنا چاہئے ۔

انہوں نے کہا کہ لوگوں کے اشتراک سے سماج کو اِس بدعت سے چھُٹکارا دلایا جائے گا اور اس جنگ کو ہم جیتنے میں کامیاب ہو جائیں گے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

اِدھر سرینگر میں بھی تین مئی کو نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ایک پد یاترا کا انعقاد ہو رہا ہے ۔ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے اس سلسلے میں انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ کے دوران انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ اس یاترا میں تقریباً 35 ہزار لوگ شرکت کر رہے ہیں ۔

اسی دوران مختلف اضلاع میں نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت کل بھی انتظامیہ اور پولیس کے اہتمام سے ریلیاں اور دیگر پروگرام جاری رہے۔

LG ملاقات

نے کل لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا سے جموں میں ملاقات Omkar Padha بی جے پی کے لیڈر کی جس دوران دونوں نے مختلف عوامی اہمیت کے حامل کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ سرکار تکنیکی تعلیم کے شعبے کو بھی اولین ترجیح دے رہی ہے کیونکہ اس کی بدولت بھی سماج اور اقوام کی تعمیر مضبوط بن جاتی ہے ۔ وہ GCET جموں میں سکول آف Architecture کی عمارت کا افتتاح کر رہے تھے۔

بعد میں وزیر اعلیٰ نے میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ جموں اور سرینگر کے درمیان چلنے والی ریل گاڑی سے سیاحتی منظر نامے کو دوام حاصل ہو گا ۔

لداخ

مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ کے لیفٹنٹ گورنر وی کے سکسینہ نے لداخ میں پانچ نئے ضلعوں کے قیام کو منظوری دی ہے ۔ ان نئے ضلعوں میں نوبرا، شام ،چیانگ تھانگ، زنسکار اور دراس شامل ہیں ۔

واضح رہے کہ اس سے پہلے لداخ یوٹی میں لیہہ اور کرگل دو ضلعے تھے اور اب یوٹی میں ضلعوں کی کل تعداد 7 ہوگی ۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی میں ”بھارتی زبانوں میں ترجمہ- کشمیری اور سنسکرت“ کے عنوان سے کل تین روزہ سکل ڈیولپمنٹ ورکشاپ شروع ہوا۔ یونیورسٹی کے شعبہ کشمیری ،نیشنل ٹرانسلیشن مشن میسور کے مشترکہ اہتمام سے منعقد کئے گئے۔ اس Languages اور سینٹرل انسٹیچوٹ آف ورکشاپ کا مقصد شرکاءکو ترجمہ نگاری کے مختلف
پہلوو

ں کے بارے میں جانکاری فراہم کرنا ہے۔ ورکشاپ کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ئ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کہا کہ ترجمہ کاری زبانوں اور نظام تعلیم کو جوڑنے میں ایک اہم کردار ادا کرتی ہے۔

بڈگام

کے سلسلے میں بڈگام میں کل سے تین روزہ تربیتی پروگرام شروع ہوا ۔ اس Census 2027 آفیسر بھی ہیں نے بھی Census پروگرام میں ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان جو کہ پرنسپل میں شامل اہلکاروں کو ضروری تربیت فراہم کرنا ہے تاکہ Census شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد یہ کام خوش اسلوبی کے ساتھ انجام دیا جا سکے ۔

شوپیان

شوپیان ضلعے میں مواصلاتی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر شوپیان شش گپتا کی صدارت میں ڈسٹرکٹ لیول ٹیلی کام کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ انہوں نے مواصلاتی کمپنیوں سے کہا کہ وہ ضلعے کے دور دراز علاقوں میں بھی اپنی خدمات میسر رکھیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12اعشاریہ6ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ 25 اعشاریہ 1 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ